بے شک یہ کتاب اس قابل ہے کہ ہر مسلمان اردو دان اس کا مطالعہ کرے جبکہ صحافت و میڈیا سے وابستہ افراد کے لئے یہ کتاب ایک بہترین گائیڈ بھی ہے۔　　(م۔ا۔ف)

ششماہی مجلّہ السیرۃ عالمی　　زیر صدارت: سید فضل الرحمان صاحب

(ش ۷ مئی ۲۰۰۲ء　　ضخامت: ۴۳۲　　صفحات: ۱۲۵ روپے

ملنے کا پتہ: فروا اکیڈمی پبلیکیشنز۔ اے ۴/ ۷ ناظم آباد نمبر ۴ کراچی نمبر ۱۸

رسالہ السیرۃ عالمی (ششماہی) اس لحاظ سے انفرادی خصوصیت کا حامل ہے کہ اس میں سیرت طیبہ اسوہ حسنہ اور تعلیمات نبوی ﷺ کے متعلق مضامین اور مقالات شائع کئے جاتے ہیں اس جہت سے یہ ایک کامیاب کوشش ہے اور باریاب کاوش ہے گو کہ برصغیر کے تمام اردو جرائد (ادب اسلامی کے ترجمان) میں سیرتِ طیبہ پر گاہ گاہ مضامین طبع ہوتے رہتے ہیں۔ مگر ضرورت اس بات کی تھی کہ ایسا جریدہ جو خالص انہی مقالات کے لئے وقف ہو معرض وجود میں آئے چنانچہ یہ قرعہ فال کارپردازان مجلّہ السیرۃ عالمی کے نام نکلا۔ اور انہوں نے مضامین و مقالات کا جو بہترین انتخاب کیا اس سے بہتر انتخاب میرے خیال میں مشکل ہے۔ معنوی حسن کے ساتھ کل ظاہری طور پر کتابت وطباعت کاغذ اور ٹائٹل میں بھی ان کا حسن ذوق جھلکتا ہے۔

زیر تبصرہ مجلّہ اداریہ سمیت کل ۱۰ مضامین پر مشتمل ہے جبکہ آخر میں تبصرہ کتب اور مجلّہ کے متعلق دیگر مجلات سے آراء اور تبصرے دیئے ہیں۔ اداریہ پیغام سیرت کے عنوان سے ہے اس میں امانت و دیانت کی ضرورت واہمیت عصر حاضر میں ایک انتہائی اہم اور معلومات افزاء مقالہ ہے جس میں موضوع کے ساتھ صاحب مضمون نے مکمل انصاف کیا ہے۔ سید ابوالخیر کشفی کا مضمون بعنوان مقام محمد قرآن کریم کے آئینہ میں قسط وار چل رہا ہے۔ یہ اس کا پانچواں حصہ ہے اس میں سیرت مصطفویہ ﷺ کے نئے گوشے سامنے آئے ہیں۔ اگر یہ سلسلہ کتابی شکل میں آیا۔ تو اسکا افادہ عام ہوگا۔ علاوہ ازیں ایام النبیؐ (۲) مولانا ابوالجلال ندوی کتاب اللہ اور اصحاب رسول اللہ پروفیسر ظفر احمد حب رسولؐ اور اس کے تقاضے ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر عہد رسالت میں صحابہ کی فقہی تربیت مولانا ڈاکٹر محمد عبدالحلیم چشتی حضورؐ کا تعلیمی انقلاب (۴) مولانا سید محبوب حسن واسطی رسول اکرم اور تعدد ازدواج ڈاکٹر حافظ محمد ثانی۔

نبی اکرم قرآن وحدیث کی روشنی میں ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری مخطوطات حدیث وسیرت ڈاکٹر حافظ منیر احمد خان۔ یہ تمام مضامین تحقیق وتدقیق کے بہترین شہپارے ہیں۔ بلاشبہ سیرت رسولؐ کے حوالہ سے مجلّہ السیرۃ عالمی ایک حوالہ جاتی اور ریفرنس بک کے طور پر ابھرا ہے جس پر سرپرست ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاحب مدظلہ، مدیر سید فضل الرحمان صاحب اور نائب مدیر سید عزیز الرحمان صاحب ھدیہ تبریک اور داد تحسین کے مستحق ہیں۔ (م۔ا۔ف)